سوال

(54) مردے کو تابوت میں بند کر کے دفن کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

مردے کو تابوت میں بند کر کے ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجا کر دفن کرنا جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ترمذی میں حدیث ہے ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بھائی عبد الرحمن موضع جشی میں فوت ہوا۔ وہاں سے مکہ معظمہ میں لایا گیا۔ اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی ضرورت یا مصلحت سے میت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا جائز ہے۔

شرفیہ

مگر اس حدیث کے آخر میں

قالت لو حضرتک ما دفنت الاحیث مت ولو شهدتک ما زرتک (رواه الترمذي مشکواة ج 1 ص 149)

لہذا یہ دلیل نہ رہی۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 52

محدث فتویٰ